**10.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

..........................................................................

☆ وزیراعظم نریندر مودی بھارت اور فرانس کے درمیان اقتصادی و تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے اب سے کچھ دیر قبل پیرس پہنچ گئے ہیں۔

☆ وہ فرانس کے صدر ایمانول میخواں کے ساتھ کل AI ایکشن سمٹ کی مشترکہ صدارت کریں گے۔

☆ وزیر اعظم نے پریکشا پے چرچا پروگرام میں طلباء کے ساتھ بات چیت کی۔ انھوں نے تغذیہ بخش غذا، دماغی صحت اور مجموعی ترقی پر زور دیا۔

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں مرکزی بجٹ 2025-26 پر تبادلہ خیال کیا۔ راجیہ سبھا میں طیاروں کے ساز و سامان سے متعلق مفادات کے تحفظ کا بل متعارف کرایا گیا۔

☆ صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈا نے کہا کہ حکومت 2027 تک بھارت سے Lymhatic Filariasis کے مکمل خاتمے کے لئے عہد بستہ ہے۔

☆ تھائی لینڈ میں پیرا تیر اندازی ایشیا کپ میں بھارت چھ سونے کے تمغے حاصل کرکے تمغوں کی فہرست میں سب سے اوپر ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### PM France Visit

وزیر اعظم نریندر مودی فرانس کے تین روزہ دورے پر پیرس پہنچ گئے ہیں جہاں وہ دونوں ملکوں کے درمیان اقتصادی اور کاروباری تعلقات کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران، جناب مودی کل پیرس میں فرانس کے صدر امیونویل میخوں کے ساتھ مصنوعی ذہانت AI ایکشن سمٹ کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ AI اجلاس میں عالمی لیڈرس اور دنیا کے تکنیکی CEOs، اختراع اور لوگوں کے زیادہ مفاد کیلئے AI ٹیکنالوجی پر مبنی ایک مشترکہ موقف پر اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ جناب مودی باہمی بات چیت میں بھی شامل ہوں گے اور فرانس کے تاریخی شہر Marseille میں پہلے بھارتی قونصل خانے کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم فرانس اور امریکہ کے اہمیت کے حامل اپنے سفارتی دورے پر آج صبح روانہ ہوئے تھے۔

اِس دورے کا مقصد، دونوں ملکوں کے درمیان اہمیت کی حامل اقتصادی اور تکنیکی شراکت داری کو فروغ دینا ہے۔دورے پر روانہ ہونے سے پہلے دیئے گئے اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ فرانس کے اُن کے دورے سے بھارت-فرانس اہمیت کی حامل شراکت داری کیلئے 2047 اُفقی خاکے پر پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے ایک موقع فراہم ہوگا۔ وہ انٹرنیشنل Thermonuclear Experimental Reactor (ITER) پروجیکٹ بھی دیکھنے جائیں گے۔ جو کہ ایک کنشورشیم کوشش ہے اور جس میں بھارت اور فرانس کا عالمی فائدے کیلئے توانائی کو بروئے کار لانا شامل ہے۔پیرس میں مقیم بھارتی برادری، وزیر اعظم مودی کو دیکھنے کیلئے بے صبری سے منتظر ہے۔

یہ ایک ایسا موقع ہے جس سے بھارت اور فرانس کے درمیان مضبوط ہوتے رشتوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان دفاع، بنیادی ڈھانچے، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی جیسے کلیدی شعبوں میں باہمی کاروبار اور سرمایہ کاری بڑھ کر 13 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ اُن کے اِس دورے میں اہمیت کے حامل شراکت داری کو مضبوط کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

پیش ہے وزیراعظم کے دورے کو Cover کرنے والے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ..................

VC Rajadurai

بھارت اور فرانس کے درمیان شاندار اقتصادی تعلقات ہیں، جن میں تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی شراکت داری کا ایک اہم رول رہا ہے۔ بھارت میں 700 سے زیادہ فرانسیسی کمپنیاں کام کررہی ہیں جو بھارت میں اقتصادی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں تعاون کررہی ہیں۔ وہیں بھارتی کمپنیاں بھی خصوصی IT اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں فرانس میں اپنی موجودگی کو بڑھارہی ہیں۔ مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اقتصادی شراکت داری میں نئے اور ابھرتے ہوئے شعبے ہیں۔ Chambers of Commerce and Industreis France- India کے صدر Coumar Ananda نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات روایتی شبوں سے بھی آگے بڑھ رہے ہیں۔

S/B Coumer Ananda

جیسا کہ بھارت اور فرانس اپنی مضبوط اقتصادی بنیاد پر کام کررہے ہیں، یہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی تعلقات کو گہرا اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبے میں عالمی تعاون کو فروغ دے گا۔

فرانس کا اپنا دورہ ختم کرنے کے بعد وزیر اعظم مودی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دعوت پر امریکہ کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ جنوری میں صدر ٹرمپ کی تاریخی انتخابی جیت اور افتتاح کے بعد ان کی یہ پہلی ملاقات ہوگی۔x

## Pariksha Pe Charcha

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں پریکشا پے چرچا کے اپنے آٹھویں ایڈیشن کے دوران طلبا کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے تغذیے، موٹے اناج، سورج کی روشنی، دماغی صحت اور مجموعی ترقی کی اہمیت کے بارے میں بات کی۔ انھوں نے بچوں پر زور دیا کہ وہ موسم کے پھل کھائیں، جنک فوڈ کو نظرانداز کریں اور تناؤ پر قابو پائیں۔ موٹے اناج کے بارے میں بات کرتے ہوئے جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ یہ موٹے اناج

بھارت میں بہترین غذا کے طور پر جانے جاتے ہیں۔

S/B PM Priksha Pe Charca- Millest

جناب مودی نے کیریئر کا انتخاب کرنے میں والدین کے دباؤ پر اظہار خیال کرتے ہوئے، طلبا کے ساتھ وقت کے بندوبست کے طریقہ کار، موثر لیڈرشپ اور عادتوں کی اہمیت کے موضوع پر لیڈر شپ کو بھی مشترک کیا۔ انھوں نے بچوں کی اس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ روزانہ صبح کے وقت چند منٹ سورج کی دھوپ لیں۔

S/B PM Praiksha Pe Charcha Confine

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC Suparna

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک بھر کے طلبا کے ساتھ اپنے غیر رسمی انٹریکشن کے دوران مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال کیا ہے۔ انہوں نے تِل سے بنی ہوئی مٹھائی بھی طلبا کے درمیان تقسیم کی اسے روایتی طور پر موسم سرما میں جسم کو گرم رکھنے کے لیے کھاتے ہیں۔ پڑھائی کے ساتھ اپنے مشغلے میں توازن برقرار رکھنے کے موضوع پر انہوں نے کہا کہ طلبا کوئی روبوٹ نہیں ہیں، بلکہ انہوں نے طلبا کی مجموعی ترقی کی اہمیت پر زور دیا، انہوں نے لکھنے کی عادت کو ترقی دینے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ ایک طالب علم کی طرف سے وقت کے بندو بست کے بارے میں سوال کیے جانے پر وزیر اعظم نے وقت کے بندو بست کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا اور طلبا کو اس کے متعلق قیمتی مشورے دیے۔

پڑھائی کے دوران تناؤ اور مایوسی کے حالات سے نمٹنے کے موضوع پر وزیر اعظم نے کہا کہ طلبا اس وقت مایوسی کا شکار ہو جاتے ہیں جب وہ اپنے آپ کو اپنے کنبے کے افراد سے بے رابطہ اور سماجی انٹریکشن سے اپنے آپ کو دور پاتے ہیں۔ انہوں نے اس طرح کے صورت حال سے نمٹنے کے لیے اندرونی حالات کو کھل کر بیان کرنے کی اہمیت کی تاکید کی۔

سوپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں مہتاب عالم

## LS Financial Inclusion

پی ایم جن دھن یوجنا کے تحت اِس سال جنوری تک ملک میں 54 کروڑ سے زیادہ بینک کھاتے کھولے گئے ہیں۔ لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ 30 کروڑ سے زیادہ بینک کھاتوں میں سے 55 فیصد سے زیادہ کھاتے خواتین کے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت نے بغیر بینک کھاتے والے ہر معمر شخص کا احاطہ کئے جانے پر توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ مالی شمولیت کیلئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔x

## RS LS Budget

آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں مرکزی بجٹ 2025-26 پر بحث ومباحثہ ہوا۔ راجیہ سبھا میں بحث میں حصہ لیتے ہوئے ایوان کے قائد جے پی نڈّا نے حکومت کی جانب سے مختلف شعبوں بشمول مینوفیکچرنگ میں اٹھائے گئے متعدد اقدامات کی فہرست پیش کی۔ وہ کانگریس کے ارکان کے اِس الزام کا جواب دے رہے تھے کہ ملک کی GDP

میں مینوفیکچرنگ کے شعبے میں کمی واقع ہوئی ہے۔ جناب نڈّا نے مزید وضاحت کی کہ معیاری آپریٹنگ طریقہ کار جو 2012 سے نافذ العمل ہے، مہاجرین کی ملک بدری کے عمل کو منظّم کرتا ہے اور اِس کیلئے ضروری اقدامات فراہم کرتا ہے۔اِس سے قبل بجٹ کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس کے پی چدمبرم نے کہا کہ ملک کی GDP میں مینوفیکچرنگ کا حصہ موجودہ حکومت کے دوران کم ہوگیا ہے۔

جناب چدمبرم نے اقتصادی جائزے 2025 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 2014 میں مینوفیکچرنگ کا حصہ 15 اعشاریہ صفر سات فیصد تھا جو 2019 میں کم ہوکر 13 اعشاریہ چار چھ فیصد اور 2023 میں 12 اعشاریہ نو تین فیصد رہ گیا۔

انھوں نے مزید الزام لگایا کہ حکومت نے بے روزگاری کے اعداد وشمار فراہم نہیں کئے۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP کے دنیش شرما نے کہا کہ یہ بجٹ خواتین اور سماج کے پسماندہ طبقات کیلئے خاص اقدامات فراہم کرتا ہے۔ بحث میں شامل BJP کے ڈاکٹر میدھا وشنو کلکرنی نے بجٹ کو قوم پرست اور جامع قرار دیا۔ ڈاکٹر میدھا نے کہا کہ بجٹ ملک کے تمام طبقات، خاص طور پر متوسط طبقے کے لوگوں کو مطمئن کرے گا جیسا کہ وزیر خزانہ نے اعلان کیا ہے۔TMC کی سشمتا نے بجٹ کو غیر ترغیبی قرار دیا۔ سماجوادی پارٹی کے رام گوپال یادو نے مطالبہ کیا کہ بڑے شعبوں کیلئے بجٹ میں مختص رقوم بڑھائی جائیں۔ CPIM کے ڈاکٹر وی سوا داسن نے کہا کہ اِس سال کے بجٹ میں دیہی بھارت کو مکمل طور پر نظرانداز کیا گیا ہے۔ شیوسینا UBT کے سنجے راوت نے ملک میں بڑھتے ہوئے قرضے کے مسئلے کو اٹھایا۔SP کے رام جی لال سمن، AGP کے بریندر پرساد بیشیا، BJD کی سلاتا دیو، کانگریس کے راجیو شکلا، DMK کے پی وِلسن، YSR کانگریس کے ایس نرنجن ریڈی، JDU کے سنجے کمار جھا اور BJP کے سجیت کمار بھی بحث میں شامل تھے۔ تاہم یہ بحث کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکی۔

لوک سبھا میں مرکزی بجٹ پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP کے MP انوراگ سنگھ ٹھاکر نے کہا کہ ہر شعبے میں ریکارڈ بجٹ مختص کیا گیا ہے اور یہ بجٹ قومی فلاح وبہبود کیلئے ہے۔ انھوں نے کہا کہ NDA حکومت کے تحت بھارتی معیشت نے نئی بلندیوں کو چھوا ہے اور معیشت پانچویں مقام پر پہنچ گئی۔ انھوں نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ اگلے تین برسوں میں بھارت دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔BJP کی MP اپراجتا سارنگی نے کہا کہ یونین بجٹ چھ اہم شعبوں پر مرکوز ہے جن میں شہری ودیہی ترقی، سرمایہ کاری، برآمدات اور متوسط طبقے کیلئے مراعات شامل ہیں۔ دوسری جانب DMK کے دیاندھی مارن نے الزام لگایا کہ NDA بجٹ مکمل طور پر کارپوریٹس کے حق میں ہے اور بے روزگاری اور مہنگائی جیسے عوامی مسائل کو حل کرنے میں ناکام رہا ہے۔

کانگریس کے منیش تیواری نے مالیاتی خسارے کے مسئلے پر حکومت سے سوال کیا۔ NCP (شردپوار) کی سپریا سولے نے بھی مالیاتی خسارے کے مسئلے کو اجاگر کیا۔x

## RS Bill

راجیہ سبھا میں آج طیاروں کے سازوسامان سے متعلق مفادات کے تحفظ کا بل 2025 متعارف کیا گیا۔ شہری ہوا بازی کے وزیر کے رام موہن نائیڈو نے ایوان بالا میں بل پیش کیا۔ اِس بل کا مقصد ملک میں طیاروں سے متعلق

مالیات کو مستحکم کرنا ہے۔ اس کا مقصد بھارت کے ملک کی قوانین کیپ ٹاؤن کنونشن اور اس کے طیاروں سے متعلق پروٹوکول کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہے۔ اس بل سے زیادہ تحفظ والے اور سرمایہ کار دوست شہری ہوا بازی کے شعبے کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

**Mahakumbh Prez**

اب کچھ خبریں پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ سے..................

Montage Opening

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج تروینی سنگم میں پوتر ڈُبکی لگائی اور پوجا ارچنا کی۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ کے ہمراہ اترپردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی موجود تھے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اپنے دورے کے دوران، صدر جمہوریہ نے Akshayvet سمیت شہر میں اہمیت کی حامل مختلف ثقافتی اور تکنیکی اہمیت کی حامل جگہوں کا بھی دورہ کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC Aadarsh

دنیا کا سب سے بڑا روحانی اجتماع دنیا بھر سے لوگوں کو متوجہ کررہا ہے۔ اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ مرمو نے تریوینی سنگم پہنچنے کے لئے ایک کشتی سے سفر کیا اور پرندوں کو دانا کھلایا۔ صدر جمہوریہ نے پریاگ راج میں اکشئے وَٹ اور بڑے ہنومان مندر کا بھی دورہ کیا، جہاں انھوں نے ملک کی خوشحالی کی دعا کی۔ صدر مرمو نے ڈیجیٹل مہاکنبھ ایکسپیرئنس سینٹر کا بھی دورہ کیا اور وزیراعظم نریندر مودی کے مذہبی پروگراموں کو ٹیکنالوجی کے ساتھ مربوط کرنے کی پہل کا بھی جائزہ لیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر مرمو نے کہا مہا کنبھ کا یہ اجتماع بھارت کی مالا مال ثقافت کا جیتا جاگتا ثبوت ہے اور روحانیت کے پیغام کو عام کرتا ہے۔

صدر جمہوریہ کے علاوہ اتراکھنڈ کے وزراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے بھی آج اپنے اہل خانہ کے ساتھ مہا کنبھ میں ڈبکی لگائی اور پوجا ارچنا کی۔ جناب دھامی نے اسے دھرم کا مہا پَرو قرار دیا اور کہا کہ پریاگ راج دنیا بھر کے کروڑوں لوگوں کی عقیدت کا مرکز ہے۔ انھوں نے 2027 میں ہری دوار میں ہونے والے کنبھ کی تیاریوں کے بارے میں بات کی اور کہا کہ جس طرح پریاگ راج میں منظّم انداز میں اس کا انعقاد ہوا اسی طرح یہاں بھی اسے تاریخی بنانے کیلئے تیاریاں جاری ہیں۔x

**Mahakmbh Railway**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے ماگھی پورنیا اشنان سے پہلے آج پریاگ راج ریلوے اسٹیشن پر انتظامات کا جائزہ لیا۔ دلی میں میڈیا اہلکاروں سے بات چیت کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت نے مہاکنبھ کے لئے شہر میں آٹھ ریلوے اسٹیشنوں پر وسیع انتظامات کئے ہیں۔ نئی دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے شمالی ریلوے کے

رابطہ عامہ کے چیف افسر ہیمانشو شیکھر نے کہا کہ پریاگ راج میں مہا کنبھ کے عقیدتمندوں کو سہولیات پہنچانے کے لئے مزید 20 ٹرینیں چلائی گئی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ پریاگ راج میں سبھی 8 اسٹیشن مسافروں کی سہولیات کے لئے تمام آلات سے لیس ہیں۔

S/B Himanshu Shekhar

## JP Nadda IF

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے کہا ہے کہ حکومت 2027 تک ملک سے Lymphatic Filariasis (LF) (یعنی فیل پا) کو جڑ سے ختم کرنے کے تئیں عہد بستہ ہے اور اِس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے کمیونٹی کی سرگرم شمولیت چاہتی ہے۔ جناب نڈّا ویڈیو کانفرنس کے ذریعے Lymphatic Filariasis (LF) کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے سالانہ ملک گیر ماس ڈرگس ایڈمنسٹریشن MDA مہم کے آغاز کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ اپنے خطاب کے دوران، جناب نڈّا نے کہا کہ بھارت نے Lymphatic Filariasis (LF) کو ختم کرنے کیلئے کام کیا ہے اور وہ اِسے ختم کرنے میں تیزی کے ساتھ کام کرتا رہے گا۔

انھوں نے کہا کہ آج سے 13 ریاستوں میں 111 مخصوص اضلاع میں 17 اعشاریہ پانچ کروڑ سے زیادہ آبادی کو مفت دوائیں دستیاب کرائے گی۔

S/B JP Nadda Lymphatic Filariasis

## Goyal EFTA Desk

کامرس اور تجارت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے یوروپی آزاد تجارت ایسوسی ایشن EFTA کے اہلکاروں کے ساتھ آج نئی دلّی میں ایک خاص بھارت EFTA ڈیسک کا آغاز کیا ہے۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ یہ پلیٹ فارم بھارت اور EFTA کی تجارت کے مابین ایک پل کے طور پر کام کرے گا۔ اس سے کاروبار میں سہولت اور انطباقی رہنمائی حاصل ہوگی اور بھارت EFTA تجارت اور اقتصادی شراکتداری معاہدہ TEPA کے تحت تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس معاہدے سے بھارت میں ایک کھرب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ امید ہے کہ ملک میں اس سال کے آخری حصے میں تجارت اور اقتصادی شراکتداری معاہدہ کام کرنا شروع کر دے گا۔×

## Waves 2025

ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹمینٹ سمٹ WAVES 2025 ان لوگوں کے لئے ایک منفرد موقع فراہم کررہا ہے، جو اپنے شہر کی پائیداری سے متعلق کوششوں، چیلنجوں اور حصولیابیوں کو سمجھتے ہیں۔ جیسے City Quash، بھارت کے رنگ کا نام دیا گیا ہے۔یہ ایک اختراعی تعلیمی گیم ہے اور WAVES 2025 کے تحت جاری Creata in India چیلنج کا کلیدی جزو ہے۔

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے کہا کہ اس گیم کو پائیدار ترقی کے مقاصد کے نظریے کے تحت شہری ترقی کے معیارات کو گیم کی شکل میں تبدیل کرکے نوجوانوں کو تحریک دینے اورتعلیم دینے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم ملک بھر کے 56 شہروں کے چیلنجوں اور مواقعوں کی نشاندہی کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ یہ پلیٹ فارم پائیدار مستقبل کے تیئں نمایاں پیش رفت کرنے والے شہروں کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

اس چیلنج میں حصہ لینے والوں کو اپنی معلومات کا مظاہرہ کرنے کا موقع ملے گا اور فاتحین کو ایک سے چار مئی کے دوران ممبئی میں منعقد ہونے والی WAVES 2025 میں اعزازات سے نوازا جائے گا۔x

## Rev. Para Archery

تھائی لینڈ میں پیرا تیر اندازی ایشیا کپ مقابلے میں بھارت چھ سونے، تین چاندی اور تین کانسے کے تمغوں سمیت کل 12 تمغے جیت کر مجموعی فہرست میں اوّل مقام حاصل کرکے اپنی مہم ختم کردی ہے۔ مقابلے کے آخری دن بھارت نے دو سونے کےتمغوں سمیت کل چھ تمغے حاصل کئے۔ ایک تمغہ خواتین کمپاؤنڈ اوپن مقابلے میں سریتا نے اور دوسرا مردوں کے کمپاؤنڈ زمرے میں شیام سندر سوامی نے حاصل کیا۔ راکیش کمار نے اس مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ بعد میں دن میں پوجا نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ موجودہ پیرالمپک چمپئن ہرویندر سنگھ نے مردوں کے Recurve اوپن میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ جبکہ مردوں کے W1 زمرے میں بھارت کے عادل محمد نذیر انصاری نے کانسے کا تمغہ جیتا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆